**24.06.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. فیصل خان

**Music**

-------------------------------

☆ بھارت نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں پاکستان کی جانب سے کشمیر کا معاملہ اٹھانے پر سخت احتجاج کیا ہے اور الزام لگایا ہے کہ پاکستان، معاون صدر کی اپنی پوزیشن کا غلط استعمال کررہا ہے۔

☆ تہران میں بھارتی سفارتخانے نے بھارتی شہریوں کیلئے نئے سرے سے ایڈوائزری جاری کی ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ وہ ایران کا غیر ضروری سفر کرنے سے گریز جاری رکھیں۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آج کونکن اور گوا میں بہت شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اروناچل پردیش کے حصوں میں شدید بارش کے بعد اچانک سیلاب کے پیش نظر آسام میں ہائی الرٹ کردیا گیا ہے۔

☆ ہاکی انڈیا نے آئندہ ماہ شروع ہونے والے برطانیہ کے دورے کیلئے 24 رکنی جونیئر خواتین ٹیم کا اعلان کیا ہے۔

☆ اور فیفا عالمی کپ میں آج میکسیکو میں کولمبیا نے DR Congo کو ایک-صفر سے ہراکر پری کوارٹر فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**India UN Pak**

بھارت نے اقوام متحدہ میں پاکستان کی جانب سے کشمیر کا معاملہ اٹھائے جانے پر یہ کہتے ہوئے سخت اعتراض ظاہر کیا ہے کہ اُس نے اِس پلیٹ فارم کو سیاست کیلئے استعمال کرنا جاری رکھا ہے اور پاکستان کی اِس بات کیلئے بھی شدید نکتہ چینی کی ہے کہ اُس نے معاون صدر کی اپنی پوزیشن کو غلط طور پر استعمال کیا ہے، بجائے اِس کے کہ اُسے اِس مقام پر رہتے ہوئے اِس طرح کی حرکت نہیں کرنی چاہئے۔ نیو یارک میں اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے پی ہریش نے پاکستان کے مستقل نمائندے عاصم افتخار احمد کی رائے زنی کے جواب میں یہ بات کہی۔ پاکستان کی جانب سے رائے زنی کا جواب دیتے ہوئے جناب ہریش نے معاون صدر کی حیثیت سے اُس کے طرز عمل کی سخت تنقید کی اور جموں و کشمیر پر بھارت کے دیرینہ موقف کو دوہرایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مرکز کے زیر انتظام علاقہ جموں و کشمیر، بھارت کا اندرونی معاملہ ہے۔×

**BRICS - NSA Meeting**

BRICS ملکوں کے قومی سلامتی کے مشیروں اور سینئر سکیورٹی افسران نے، دہشت گردی اور سائبر خطرات سمیت، سلامتی کو درپیش بہت سے عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے مضبوط تر اشتراک کیلئے کہا ہے۔

میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے اُبھرتے ہوئے سکیورٹی خطرات اور ڈیجیٹل دنیا میں دہشت گردی کے بدلتے طور طریقوں میں اضافے کے ازالے کیلئے برکس ممالک کے درمیان جامع بات چیت اور اشتراک کی ضرورت پر زور دیا۔×

**Indian Embasy Iran Advisory**

تہران میں بھارت کے سفارتخانے نے ملک میں بہتر سکیورٹی حالات کے پیش نظر بھارتی شہریوں کیلئے نئے سرے سے ایڈوائزری جاری کی ہے۔ حالیہ مثبت واقعات اور مجموعی صورتحال میں بہتری کے مدنظر سفارتخانے نے ہندوستانی باشندوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ سوچ سمجھ کر اور احتیاط کے ساتھ ایران کا سفر کریں۔ بھارتی باشندوں کو یہ بھی صلاح دی گئی ہے کہ وہ اگلے نوٹس تک غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ سفارتخانے نے یہ بھی کہا ہے کہ جو بھارتی باشندے اس وقت ایران میں ہیں اور جو ناگزیر وجوہات کی بنا پر ایران کا سفر کرنا چاہتے ہیں، وہ انتہائی احتیاط سے کام لیں، حالات سے باخبر رہیں اور چوکسی برتیں۔ اُن سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ لگاتار سفارتخانے کی باضابطہ ویب سائٹ دیکھتے رہیں۔

سفارتخانے نے مدد کیلئے ہنگامی نمبر بھی جاری کئے ہیں۔

پلس- نو آٹھ نو ایک دو آٹھ ایک صفر نو ایک ایک پانچ،

پلس- نو آٹھ نو ایک دو آٹھ ایک صفر نو ایک صفر نو،

پلس- نو آٹھ نو ایک دو آٹھ ایک صفر نو ایک صفر دو،

پلس- نو آٹھ نو نو تین دو ایک سات نو تین پانچ نو۔

بھارتی باشندے سفارتخانے سے ای-میل کے ذریعہ بھی cons.tehran@mea.gov.in سے رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔×

**Niti Aayog Report**

نیتی آیوگ کے نائب سربراہ ڈاکٹر اشوک کمار Lahiri نے کہا ہے کہ آخری سہ ماہی میں بھارت کی مجموعی تجارت میں پانچ اعشاریہ چار فیصد کا اضافہ ہوا۔ انہوں نے نئی دلّی میں ٹریڈ واچ کوارٹرلی رپورٹ جاری کرتے ہوئے یہ بات بتائی۔

ڈاکٹر Lahiri نے یہ بھی بتایا کہ اس عرصے میں بھارت کی برآمد ایک کھرب 84 اَرب ڈالر تک پہنچ گئی، جبکہ درآمد میں ساڑھے چھ فیصد کا اضافہ ہوا۔×

**Metro Central Vista**

مکانات اور شہری اُمور کے وزیر منوہر لال نے قومی راجدھانی میں سینٹرل Vista کوریڈور کیلئے سینٹرل سکریٹریٹ میٹرو

اسٹیشن پر تعمیراتی کام کا افتتاح کیا۔

**SB - Manohar Lal**

نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اِسے ایک تاریخی لمحہ قرار دیا اور کہا کہ اِس پروجیکٹ سے سرکاری ملازمین اور تمام پیشہ ور افراد کی روز مرہ کی آمد ورفت کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ پروجیکٹ آر- کے آشرم مارگ سے اِندرپرستھ تک ہوگا۔ اس میں شیواجی اسٹیڈیم بھی شامل ہوگا اور جنک پوری ویسٹ سے اِندرلوک تک مسافر بلاروک ٹوک سفر کرسکیں گے۔×

## Chintan Shivir - Steel

بھارتی صنعتوں کے وزیر ایچ ڈی کمارا سوامی نے آج زور دے کر کہا ہے کہ اسٹیل کی صنعت کو ڈیجیٹائز کرنا، مستقبل میں ترقی کیلئے انتہائی اہم ثابت ہوگا۔ نئی دلّی میں اسٹیل کے شعبے کی **Digitalisation** پر **Chintan Shivir** سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے بھارت کے متحرک اسٹیل شعبے کی کارکردگی کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک نے **2018** کے بعد سے اسٹیل کی سب سے زیادہ پیداوار کرنے والے دنیا کے دوسرے ملک کی اپنی پوزیشن برقرار رکھی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ مالی برس **2021-22** سے خام اسٹیل کی پیداوار تقریباً سالانہ **8** فیصد بڑھی ہے، جبکہ تیار شدہ اسٹیل کی کھپت میں اندازاً **13** فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

جناب کمارا سوامی نے اِس بات پر زور دیا کہ **AI**، مشین لرننگ، ڈیجیٹل ٹوئنس، روبوٹکس جیسی ٹیکنالوجیاں پیداوار کو فروغ دینے، رکھا رکھاؤ کو یقینی بنانے، سیفٹی میں اضافے، توانائی کے کفایتی استعمال اور لاگت کو کم کرنے کیلئے لازمی ہیں۔×

## Rev Jaishankar Passport Divas

آج پاسپورٹ سیوا دِوس منایا جارہا ہے۔ **24** جون **1967** کو پاسپورٹ سے متعلق قانون بنایا گیا تھا، اُسی مناسبت سے یہ دن منایا جاتا ہے۔ اس موقع پر وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ دوسرے پاسپورٹ سیوا پروگرام، چِپ والے ای-پاسپورٹ کی شروعات، نئے پاسپورٹ سیوا کیندر اور ڈاکخانے کے پاسپورٹ سیوا کیندر اور ریکارڈ تعداد میں پاسپورٹ جاری کئے جانے سے سفر میں آسانی پیدا ہوئی ہے۔ عالمی موقعوں تک رسائی میں توسیع ہوئی ہے اور شہریوں کو بااختیار بنایا گیا ہے۔ **14** ویں پاسپورٹ سیوا دِوس پر وزیر خارجہ نے سوشل میڈیا پوسٹ میں بھارت اور بیرونِ ملک میں پاسپورٹ سے وابستہ سبھی اہلکاروں کو مبارک باد دی ہے۔

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترآدتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ ڈاکخانے کے پاسپورٹ سیوا کیندروں کے ذریعہ ملک کے دور دراز علاقوں تک پاسپورٹ سروس مہیا کرائی جارہی ہے، جسے انڈیا پوسٹ چلاتی ہے۔×

## US- Iran Agreement

امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے خلیجی خطے کا تین روزہ دورہ شروع کیا۔ اس دورے کا مقصد امریکہ کے ایران کے ساتھ طے پانے والے سمجھوتے کے بعد اپنے عرب ساتھی ملکوں کو پھر سے اعتماد میں لینا ہے۔ امریکہ، اسرائیل اور تہران کے

درمیان چار مہینے سے جاری لڑائی کے بعد امریکہ نے ایران کے ساتھ سمجھوتہ کیا ہے۔ جناب روبیو کل رات دیر گئے ابوظہبی پہنچے ہیں اور وہ متحدہ عرب امارات، کویت اور بحرین کے رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ اس کے بعد اس ہفتے کے آخر میں خلیجی تعاون کونسل کے اہلکاروں کے ساتھ گفتگو کریں گے۔ امریکہ کے وزیر خارجہ، امریکہ اور ایران کے درمیان طے پانے والے عبوری امن سمجھوتے اور امکانی حتمی سمجھوتے کے خدوخال کے بارے میں اپنے علاقائی ساتھی ملکوں کے رہنماؤں کو واقف کرائیں گے۔

جناب مارکو روبیو نے اپنا دورہ شروع کرنے سے پہلے کہا تھا کہ اُن کے اس دورے کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل کے درمیان سمجھوتہ طے کرتے وقت خلیجی تعاون کونسل کے خیالات کو ذہن میں رکھا گیا ہے۔×

## ED - Mundra Port Case

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ تین ہزار کلوگرام Mundra Port ڈرگ درآمد معاملے سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنانے کے سلسلے میں دلّی کے پانچ مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دے رہا ہے۔ ED کے عہدیداران نے کہا ہے ک تلاشی کی یہ کارروائی ہرپریت سنگھ تلوار، Shamshudern اور اُن کے ساتھیوں سے وابستہ مقامات پر انجام دی جارہی ہے۔ عہدیداران نے مزید کہا کہ منشیات سے حاصل رقم مبینہ طور پر دلّی کے نائٹ کلبس میں استعمال کی جاتی تھی۔ ہرپریت سنگھ تلوار کو اِس سے پہلے اِسی معاملے میں قومی تحقیقاتی ایجنسی نے حراست میں لیا تھا اور اُسے حال ہی میں ضمانت پر رِہا کیا گیا تھا۔ مزید تحقیقات جاری ہے۔×

## Niti Aayog

ملک بھر کے 6 نوجوانوں کی قیادت والے اسٹارٹ اپس ملک نے یوتھ Co-Labs نیشنل انوویشن چیلنجز 2026 کا آٹھواں ایڈیشن جیت لیا ہے۔ یہ پہل مشترکہ طور پر اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام UNDP انڈیا اور Citi فاؤنڈیشن نے اٹل انوویشن مشن AIM نیتی آیوگ کے تعاون سے چلائی جارہی ہے اور T-Hub فاؤنڈیشن کے ذریعے نافذ کیا گیا ہے۔ یہ نوجوانوں کی قیادت میں جدت طرازی کو فروغ دینے اور پائیدار کی جانب پیشرفت کو تیز کرنے کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم کے طور ابھرا ہے۔×

## Delhi Fire

آج صبح سویرے اُدیوگ بھون کے پاس مزدوروں کی جھگیوں میں آگ لگنے کا ایک واقعہ پیش آیا۔ آگ بجھانے والے محکمے نے بتایا ہے کہ اُسے رات تین بجے آگ کی اطلاع ملی، جسے بجھانے کیلئے 20 سے زیادہ گاڑیاں بھیجی گئیں۔ آگ پر قابو پایا جاچکا ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔×

## IMD-Weather

بھارت کے موسمیات کے محکمے نے، آج کونکن اور گوا میں تیز سے بہت تیز بارش ہونے کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

اگلے دو دن کے دوران ساحلی کرناٹک اور مدھیہ مہاراشٹر میں بھی اسی طرح کے حالات رہنے کا امکان ہے۔ محکمے نے اس مہینے کی 29 تاریخ تک آسام، میگھالیہ، اندرونی کرناٹک، اڈیشہ، تلنگانہ، مغربی بنگال اور سکم میں موسلادھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

موسمیات کے محکمے نے ہفتے کے دن تک دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، جموں وکشمیر اور لداخ میں گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

محکمے کے مطابق ہفتے کے دن تک انڈمان ونکوبار جزائر، آندھراپردیش، بہار، گجرات، جھارکھنڈ، کیرالہ، ماہے، لکشدیپ، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، اڈیشہ اور مغربی اترپردیش میں بھی اسی طرح کے حالات رہ سکتے ہیں۔

موسمیات کے محکمے نے ہفتے کے دن تک کرناٹک، راجستھان، چھتیس گڑھ، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل، تلنگانہ اور شمالی مشرقی خطے کے کچھ علاقوں میں گرج چمک اور تیز ہوائیں چلنے کا اندیشہ ہے۔

محکمے نے اگلے دو تین دن تک بہار، مشرقی مدھیہ پردیش، مشرقی اترپردیش اور وِدربھ میں گرمی اور لو جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔×

## Hockey

ہاکی انڈیا نے آئندہ ماہ شروع ہونے والے برطانیہ کے دورے کیلئے 24 رکنی جونیئر خواتین ٹیم کا اعلان کیا ہے۔ یہ دورہ پانچ جولائی سے 14 جولائی تک ہوگا۔ نئے کوچ **Tim White** کی نگرانی میں ٹیم اسکاٹلینڈ اور انگلینڈ میں سات مقابلے کھیلے گی، جو آئندہ بین الاقوامی مقابلوں کی تیاری کا ایک حصہ ہوگا، جس میں جونیئر ایشیا کپ بھی شامل ہے۔ نوجوان ٹیم کی کپتانی **Khaidem Shileima Chanu** کریں گی، جبکہ نِدھی اور **Engil Harsha Rani Minz** دو گول کیپر ہوں گی۔ نو روز کے اِس دورے کا آغاز اسکاٹلینڈ کی سینئر خواتین کی ٹیم کے ساتھ دو مقابلوں سے ہوگا۔×

## Fifa World Cup

فیفا ورلڈ کپ میں کولمبیا نے آج میکسیکو کے **Guadalajara** میں گروپ-**K** کے میچ میں **DR Congo** کو ایک-صفر سے شکست دے کر پری کوارٹر فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔ اِس سے قبل، امریکہ کے شہر ہیوسٹن میں گروپ-**K** مقابلے میں پرتگال نے ازبیکستان کو پانچ-صفر سے ہرا دیا۔ 41 سالہ کرسٹیانو رونالڈو نے دو گول کرکے پرتگال کو ازبیکستان کے خلاف پانچ-صفرث سے جیت دلانے میں مدد کی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆